پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور

نوٹس نیلامی بذریعہ پی ڈی اے ای آکشن سسٹم (PDA e-AUCTION SYSTEM)

برائے 2عدد فٹسال گراونڈز،نیزد مسٹر کوڈ،فیز-2اورنزد شلمان پارک حیات آباد پشاور کی فیس کی وصولی کا ٹھیکہ

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی، (پی ڈی اے)، حیات آباد پشاور 2عدد فٹسال گراونڈز کی فیس وصولی کا ٹھیکہ عرصہ ایک سال کیلئے بذریعہ پی ڈی اے ای آکشن سسٹم (PDA E-AUCTION SYSTEM) پر کھلی بولی نیلام کرنا چاہتی ہیں، نیلامی میں حصہ لینے کیلئے آن لائن درخواست جمع کرنے کے بعد آپ کو ٹوکن نمبر جاری کیا جائے گا اس فارم کو ڈاؤن لوڈ کر کے مختص شدہ کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ علیحدہ علیحدہ طور پر (جن کی تفصیل درجہ ذیل ہیں) بنام ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے نیلامی سے تین(3) دن قبل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہو گا، جو کہ ناکام بولی دہندہ کو نیلامی کے بعد واپس کئے جائیں گے، کال ڈیپازٹ کا اجراء ضلع پشاور کے بینکوں سے ہونا ضروری ہے، آن لائن نیلامی بمورخہ 20 اکتوبر2026ء بوقت دن11:00 بجے پر منعقد ہو گی، اشتہار ہذا محکمہ پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی ویب سائٹ (www.pda.kp.gov.pk) سے بھی ڈاؤنلوڈ کیا جاسکتا ہے، سرکاری بولی و کال ڈیپازٹ کی تفصیل درجہ ذیل ہیں:-

سیریل نمبر	ای آکشن نمبر	ٹھیکہ کی تفصیل	زر بیعانہ	سرکاری بولی (ماہوار کرایہ)
.1	AUC-2026-0002	فٹسال گراونڈ واقع نزد مسٹر کوڈ، فیز2-حیات آباد	Rs.2,000,000/- (بیس لاکھ روپے)	Rs.360,000/- (تین لاکھ، ساٹھ ہزار) روپے
.2	AUC-2026-0003	فٹسال گراونڈ واقع شلمان پارک، حیات آباد پشاور	Rs.2,000,000/- (بیس لاکھ روپے)	Rs.330,000/- (تین لاکھ، تیس ہزار) روپے

چیدہ چیدہ شرائط:-

1. طریقہ کار برائے شرکت بذریعہ PDA e-Auction System یہ ہے کہ مذکورہ نیلامی PDA e-Auction System کے ذریعے آن لائن منعقد کی جائے گی۔ نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کو لازم ہو گا کہ وہ e-PDA ویب پورٹل (www.epda.kp.gov) پر جا کر اپنا آن لائن رجسٹریشن مکمل کریں۔ رجسٹریشن کے بعد اپنے اکاؤنٹ میں لاگ اِن کر کے متعلقہ E-Auction کا انتخاب کریں۔ درخواست گزار متعلقہ E-Auction پر کلک کر کے نوٹس اور قواعد و ضوابط ڈاؤن لوڈ کریں اور ان میں درج تمام شرائط و ضوابط، اہلیت کے معیار اور دیگر ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔ تمام شرائط و ضوابط سے اتفاق کی صورت میں درخواست گزار متعلقہ Auction کے لیے "Apply" کے آپشن پر کلک کر کے آن لائن درخواست جمع کرائیں گے۔ درخواست کے ساتھ مطلوبہ Call Deposit Receipt (CDR) اور دیگر تمام لازمی دستاویزات مقررہ طریقہ کار کے مطابق آن لائن اپ لوڈ کرنا ضروری ہو گا۔ صرف وہی درخواست گزار جو مقررہ شرائط و ضوابط کے مطابق اپنی درخواست مکمل طور پر جمع کرائیں گے اور جنہیں محکمہ کی جانب سے اہل (Qualified/Eligible) قرار دیا جائے گا، وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر PDA e-Auction System کے ذریعے آن لائن کھلی بولی میں حصہ لینے کے مجاز ہوں گے اور آن لائن اپنی بولی دینی ہو گی۔ آن لائن رجسٹریشن، درخواست کی تکمیل، مطلوبہ دستاویزات اور CDR کی بروقت اپ لوڈنگ، اور e-Auction میں شرکت سے متعلق تمام مراحل کو مقررہ نیلامی سے تین(3) دن قبل مکمل کرنا درخواست گزار کی ذمہ داری ہو گی۔ نامکمل درخواست، غلط، جعلی، غیر واضح یا ناقابلِ تصدیق دستاویزات، مطلوبہ CDR کی عدم فراہمی، یا مقررہ آخری تاریخ اور وقت کے بعد جمع / اپ لوڈ کی جانے والی درخواست یا دستاویزات کی ذمہ داری PDA پر عائد نہیں ہو گی اور ایسی درخواست کو قواعد و ضوابط کے مطابق مسترد / ناقابلِ قبول قرار دیا جاسکتا ہے۔ کسی بھی تکنیکی یا دیگر دشواری کی صورت میں درخواست گزار مقررہ آخری تاریخ سے قبل متعلقہ فورم / دفتر سے رابطہ کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔
2. ہر اس شخص کو نیلام میں حصہ لینے کا حق ہو گا، جو پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی سے بلیک لسٹ یا بقایادار نہ ہو، نہ ہی دفتر ہذا کے ساتھ کسی عدالتی مقدمہ میں ملوث رہا ہو اور جس نے مندرجہ بالا زربیعانہ بطور ضمانت قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ بنام ڈائریکٹر جنرل، پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی نیلامی سے تین(3) دن قبل دفتر ہذا میں جمع کرائے ہوں۔ بصورت دیگر نیلام میں شرکت کی اجازت نہ ہو گی۔
3. نیلامی میں ہر وہ شخص / فرد یا رجسٹرڈ فرمز / اکیڈمیز کو نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز ہونگے جو سپورٹس مینجمنٹ میں کم از کم 3سال کا تجربہ رکھتے ہوں اور اُس کے ساتھ دستاویزی ثبوت موجود ہو اور ساتھ ساتھ ٹریننگ دینے کا بھی تجربہ رکھتا ہوں، اس کے علاوہ ایسے فرمز جو سیکورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور خیبر پختونخواہ ریونیو اتھارٹی سے رجسٹرڈ ہوں، ایسے فرمز جن کے نام پہ بینک اکاؤنٹ ہوں اور اپنے پروفائل و انٹس انقشادی رپورٹ کے ساتھ بینک سٹیٹمنٹ بھی فراہم کر سکے۔
4. کامیاب بولی دہندہ ورک آرڈر کے اجراء سے 10 دن کے اندر اندر اپنی بولی کی رقم (3ماہ کا ایڈوانس کرایہ) بمعہ مروجہ نافذ العمل حکومت (صوبائی یا وفاقی) کی جانب سے نافذ کردہ ٹیکسز جمع کرنے اور مطلوبہ مالیت کے سٹامپ پیپر پر معاہدہ (Lease Agreement) پی ڈی اے کے ساتھ کرنے کا پابند ہو گا، جسکے بعد قبضہ دیا جائیگا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ یہ رقم 10یوم میں جمع نہ کرا سکا تو بولی منسوخ اور کال ڈیپازٹ حق پی ڈی اے ضبط تصور ہو گا۔
5. کامیاب بولی دہندہ دو(2) ٹرینیز (Trainees) کی خدمات مہیا کریگا جو لوگوں کو ٹریننگ دے سکے۔
6. فٹسال میں گیمز، کھیلوں وغیرہ کے فی گھنٹہ ریٹ کی شرح مندرجہ ذیل ہو گی:-

سیریل نمبر	گیمز	ریٹ
.1	دن کے وقت فٹسال میں فی گھنٹہ سروس	Rs. 2000/- (دو ہزار روپے)
.2	رات کے وقت فٹسال میں فی گھنٹہ سروس	Rs. 2500/- (دو ہزار، پانچ سو روپے)
.3	بچوں کے لئے فٹسال میں فی گھنٹہ سروس (15سال سے کم عمر کے بچے)	Rs. 1500/- (ایک ہزار، پانچ سو روپے) (شام 5بجے تا 7بجے تک)

اگلا صفحہ ملاحظہ فرمائیں

CamScanner

کامیاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ / زرِ ضمانت ٹھیکہ کی میعاد ختم ہونے تک پی ڈی اے کے پاس بطور سیکورٹی پڑی رہے گی اور اجارہ / معاہدہ کی مدت کی تکمیل کے بعد بقایاجات اگر ہوں تو منہا کر کے واپس کر دی جائے گی۔

اگر کرایہ دار اپنی مرضی سے کسی قسم کی تعمیر و ترقی یا کسی قسم کی تعمیراتی تبدیلی کرنا چاہتا ہے تو وہ متعلقہ محکمہ سے باقاعدہ منظوری لے گا، جسکی اجارہ دار کو کسی قسم کی ادائیگی نہیں کی جائیگی اور معاہدہ ختم ہونے پر محکمہ کی ملکیت ہو گی اور عمارت کو اپنی صحیح حالت میں صاف اور برقرار رکھنے کا پابند ہو گا۔

نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو حاصل ہو گا۔ نیز مجاز اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہو گا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نا منظور یا جملہ نیلامی منسوخ کر دیں۔

مزید تفصیلات اور شرائط دفتری اوقات کار میں ہاؤسنگ آفیسر کمرشل (حیات آباد)، پی ڈی اے کمرشل کمپلیکس فیز V - ،حیات آباد میں ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔

29/9/2006

ہاؤسنگ آفیسر (کمرشل) حیات آباد
پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی، پشاور